آپ کی پریشانیاں اور
درود شریف میں اُن کا حل
پیر طریقت حضرت شیخ الحدیث
مولانا مفتی منیر احمد اخون دامت برکاتھم
ابن: جامع المنقول والمعقول
حضرت شیخ الحدیث مولانا مفتی نیاز محمد ختنی قدس سرہ
فرزند نسبتی و خلیفہ مجاز
شہید اسلام حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہ
طبع جدید

الصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ
حضرت لدھیانوی شہیدؒ
کی تالیف ذریعۃ الوصول سے ماخوذ
مستند درود شریف پر مبنی نہایت حسین تحفہ
آپ کی پریشانیاں اور
درود شریف
میں ان کا حل
تالیف
ثانی ابن سیرین حضرت الشیخ مولانا مفتی منیر احمد اخون دامت برکاتہم
ابن
جامع المنقول والمعقول حضرت شیخ الحدیث مولانا مفتی نیاز محمد ختنی قدس سرہ
خلیفہ مجاز بیعت
شہید ختم نبوت حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید

دنیا کے بت کدوں میں پہلا یہ گھر خدا کا   ہم اس کے پاسباں ہیں یہ پاسباں ہمارا

انتساب

اس گلدستہ درود شریف کا انتساب ناکارہ، سرکار دو عالم نبی اکرم حضرت محمد مصطفے ﷺ کے نام کرتا ہے جن سے سچی محبت واطاعت کے بغیر ایمان تکمیل کی منزل پانے سے قاصر رہتا ہے اور جن کے خزانۂ احسان نے انسانیت کو جسم وروح کی ہر غذا اور دوا کا پتہ دیا!

اے ارحم الراحمین! مجھ ناکارہ کا یہ حقیر تحفہ اس محسن انسانیت کی سرکار میں شرف قبول پا جائے۔ آمین

بیت اللہ کا ایک روح پرور منظر

بیت المقدس اپنے تمام تقدس کے ساتھ کسی 'صلاح الدین ایوبی' کی منتظر ہے

عرض مئولف

سیدی وسندی حضرت ابا جی حضور مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمتہ اللہ علیہ کی مرتب کردہ تالیف "ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ" درود شریف کا حسین گلدستہ اوراس کے فضائل وبرکات پر مبنی عمدہ ترین تحفہ ہے، اصل رسالہ فارسی میں ہے جو علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی قدس اللہ سرہ کی عدیم النظیر تالیف ہے جس کا اردو ترجمہ حضرت شہید الامت لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ نے جس محبت وجانفشانی سے کیا ہے وہ بھی اپنی مثال آپ ہے، مجھ ناکارہ کو حق تعالیٰ شانہ نے محض اپنے فضل اور حضرت شہید الامتؒ کی برکت سے خوب ڈوب کر اس رسالہ کے مطالعہ کی توفیق بخشی اور تقریباً ہر درود شریف کی خوب برکات مشاہدہ کیں خصوصاً وہ درود شریف جس کا ترجمہ کرنے کے دوران حضرت اباجی شہید نے گھر پر مجھ

ناکارہ کواس وقت باقاعدہ اجازت دی جب ناکارہ ایک بار حضرت اباجی شہیدؒ کی شرفِ زیارت کیلئے حاضر ہوا تو حضرت شہیدؒ نے فرمایا کہ "تم فلاں درود شریف ایک ورق پر لکھ لو اور اس کا اہتمام کرو، میں تمہیں اس کی اجازت دیتا ہوں" چنانچہ ناکارہ نے اس نعمت غیر مترقبہ کو اپنے معمولات کا حصہ بنالیا اور ناممکن کو ممکن ہوتے دیکھا، پھر کچھ عرصے سے دل میں یہ خیال بار بار اٹھتا رہا ہے کہ آج خلقِ خدا اپنی شب وروز کی پریشانیوں کے جال میں مقید ہوئی جاتی ہے، اور حضراتِ اکابر سے منقول رسائل مثلاً اعمال قرآنی مؤلفہ حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ، گنجینہ اسرار مؤلفہ محدث العصر حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کشمیریؒ وغیرہ ذٰلک سے استفادہ کیا جاتا ہے اور مختلف اوراد و وظائف حلِ مشکلات، دفع بلیات اور برآری حاجات کیلئے پڑھنے کو دیئے جاتے ہیں ! کیوں نہ کوئی ایسا مجموعہ

حق تعالیٰ شانہٗ مرتب کروادیں جس میں عام پریشانیوں کا علاج صرف آنحضرت ﷺ پر درود شریف سے کیا جائے کیونکہ درود وہ عبادتِ عظمیٰ اور لذتِ محبوبہ ہے جس کو بارگاہِ ایزدی سے مردود نہیں لوٹایا جاتا تو یقیناً جس مقصد کیلئے پڑھا جائے اس کی فریاد بارگاہِ عالی میں ضرور پہنچے گی اور درود پاک کی شکل میں جملہ مقاصد کے حصول کی سفارش انشاء اللہ العزیز رحمت خداوندی کا موجب بنے گی، چنانچہ ناکارہ نے اس تمام پس منظر میں پریشان حال آنے والے واردین کو ذریعۃ الوصول کے مختلف درود شریف انکی مختلف پریشانیوں اور حاجتوں کیلئے دینے کا کچھ اہتمام کرلیا جس کے نتائج الحمدللہ انتہائی کامیابی کی صورت میں سامنے آئے، بعض درود تو وہ تھے جنکے فضائل وفوائد خود آنحضرت ﷺ کے حوالے سے کتاب میں مذکور تھے جنکو انہی فوائد کے حصول کیلئے طالب کو دینا ایک واضح امر تھا مگر بعض ایسے درود شریف جن کو ناکارہ نے کسی ادنیٰ مناسبت کی بناء پر مطلوبہ مقصد میں

طالب کو دیا اور خوب کامیابی پائی تو وہ ناکارہ کے مجرّبات میں شمار ہونے لگے تو یوں ناکارہ کے دل کے خیال کی حتمی شکل کی حق تعالیٰ شانہٗ نے تکمیل کا سامان کر دیا، تو لیجئے! **"آپ کی پریشانیاں اور درود شریف میں ان کا حل"** کے نام سے گلدستۂ درود آپ کے ہاتھوں میں ہے، اس کتابچے میں یہ اہتمام بھی کیا گیا ہے کہ نیچے "ذریعۃ الوصول اِلی جناب الرسول ﷺ" میں موجود درود شریف کے شمار کے مطابق حوالہ نمبر بھی رقم کر دیا ہے تاکہ اصل کتاب سے مراجعت میں سہولت ہو اور اس کے تفصیلی فضائل و فوائد سے قاری محظوظ ہو سکے۔

حق تعالیٰ شانہٗ ناکارہ کی اس سعی حقیر کو شرفِ قبول بخشے اور روزِ قیامت شافعِ محشر ﷺ کی شفاعت کا موجب ہو، آمین یارب العالمین!

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ وصحبہٖ اجمعین

گنبد خضرا کا ایک خاص محبوبانہ انداز

ہدیۂ نعت

اے رسول امیں ﷺ!، خاتم المُرسلین ﷺ! تجھ سا کوئی نہیں تجھ سا کوئی نہیں

ہے عقیدہ یہ اپنا بصدق ویقیں، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں

اے براہیمی وہاشمی خوش لقب، اے تو عالی نسب اے تو والاحسب

ذودمانِ قریشی کے درِّ ثمیں، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں

دستِ قدرت نے ایسا بنایا تجھے، جملہ اوصاف سے خود سجایا تجھے،

اے ازل کے حسیں، اے ابد کے حسیں، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں

بزمِ کونین پہلے سجائی گئی، پھر تری ذات منظر پہ لائی گئی

سید الاولین، سید الآخرین، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں

تیرا سکہ رواں کل جہاں میں ہوا، اس زمیں میں ہوا آسماں میں ہوا

کیا عرب، کیا عجم، سب ہیں زیرِ نگیں! تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں،

تیرے انداز میں وسعتیں فرش کی، تیری پرواز میں رفعتیں عرش کی

تیرے انفاس میں خُلد کی یاسمیں، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں

''سدرة المنتهیٰ'' رہ گزر میں تری ''قاب قوسین'' گردِ سفر میں تری
تو ہے حق کے قریں، حق ہے تیرے قریں، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں
کہکشاں ضو ترے سرمدی تاج کی، زلفِ تاباں حسیں رات معراج کی
''لیلۃ القدر'' تیری منور جبیں، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں،
مصطفےٰ مجتبیٰ تیری مدح وثناء میرے بس میں نہیں، دسترس میں نہیں
دل کو ہمت نہیں، لب کو یارا نہیں! تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں،
کوئی بتلائے، کیسے سراپا لکھوں، کوئی ہے! وہ کہ میں جس کو تجھ سا کہوں
توبہ توبہ، نہیں کوئی تجھ سا نہیں، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں،
چار یاروںؓ کی شانِ جلی ہے بھلی، ہیں یہ صدیقؓ، فاروقؓ، عثمانؓ، علیؓ
شاہد عدل ہیں یہ ترے جانشیں! تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں،
اے سراپا نفیس، انفس دوجہاں، سرورِ دلبراں، دلبر عاشقاں
ڈھونڈتی ہے تجھے میری جان حزیں! تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں،

حضرت شاہ نفیس الحسینی مدظلہٗ لاہور

نظم

نبی اکرم ﷺ کا حُلیۂ مبارک

میانہ قد سفید و سرخ جسم سرور عالم
کشادہ سینہ اقدس گداز و نرم و مستحکم
بلند و بالا وہ لوح جبیں شفاف و نورانی
مہ و خورشید کو ہے جس کے آگے سخت حیرانی
روش تھی ناف تک وہ سینے سے بالوں کی پتلی سی
کہ جیسے چاند کی آغوش میں ہو شاخ سنبل کی
جھکی پلکیں بڑی آنکھیں نشیلی اور شرمیلی
سفیدی میں ملی سرخی منور اور چمکیلی
حسین و دلربا خوبصورت اور خدادِیدہ
ابروں پر سرمئہ سورۂ دروں وہ نور کا جلوہ

سیہ دیدہ میں پوشیدہ جمالِ حق کی تابانی
سمائے ہیں نہ جانے کتنے اس میں جلوے نورانی
وہ اونچی نرم ونازک ناک جو چہرے کی زینت ہے
نہاں ہر سانس کے اندر بہارِ کیف جنت ہے
تھے دندان مبارک آپ کے خورشید کے ذرّے
شب تاریک میں تاروں سے زیادہ جو چمکتے تھے
سرِ اقدس بڑاسب سے نمایاں گول اور اونچا
ہزاروں میں ہزاروں سے بلندوبرتروبالا
سیہ زلفوں میں پوشیدہ شبِ دیجور کا عالم
نہایت نرم چمکیلے برائے نام پیچ وخم
بھری چوڑی ہتھیلی نرم اور دست کرم لمبے
نہایت خوبصورت انگلیاں لمبی قرینے سے
سفید وصاف وشفاف خوشبودار تھیں بغلیں
نہیں تھے بال جن میں مشک وعنبر تھیں بغلیں

برابر تھے شکم اور سینۂ پُرنور دونوں ہی
تھی دونوں پنڈلیاں شفاف وروشن گول اور سیدھی
بہت ہی خوشنما تھیں انگلیاں سب پائے اقدس کی
انگوٹھے کے قریں انگلی جو تھی وہ سب سے لانبی تھی
غرض کونین میں اس جسم اطہر کا نہیں ثانی
سراپا صرف وہ تھے مظہرِ آیات قرآنی
کوئی ان سے حسین شئے ہو تو تشبیہ اس سے دیدیں ہم
وہ عالم سے نرالے جب ہیں کامل سرورِ عالم ﷺ

عاشقانِ الٰہی کا بیت اللہ کے ساتھ تعلق کا منہ بولتا ثبوت

آدابِ دعا

دعاایک مستقل عبادت ہے جس کو حدیث پاک میں عبادت کا مغز قرار دیا گیا ہے اور علماء نے اس کو مسنون بتایا ہے اس کی حقیقت یہ ہے کہ بندہ اپنی حاجت روائی اور مشکل کشائی کیلئے اللہ کے حضور میں دستِ سوال دراز کرے، جو درود شریف آئندہ صفحات میں پیش کیئے جارہے ہیں ان کے پڑھنے کے بعد اپنے نیک مقاصد و حاجات اور مصائب ومشکلات سے نجات کی فریادارحم الرحمین کے دربارِقدس ہی میں پیش کرنا ہوگی اسلئے مناسب جانا کہ اس بارگاہِ قدس میں دعاومناجات کے کچھ آداب ومتعلقات رقم کردیئے جائیں تا کہ ان آداب کو

ملحوظ رکھتے ہوئے جب بندہ عاجز وناتواں اپنی درخواست
اس شہنشاہِ عالم کے حضور پیش کرے تو انشاء اللہ حقیقی
ثمرات سے مالا مال بھی ہوگا اور اس رحیم و کریم سے مانگنے
کا مزہ بھی خوب آجائے گا

دنیا سے اس طرح ہو رخصت غلام تیرا
ہو دِل میں یاد تیری، ہو لب پہ نام تیرا
ہر ماسوا سے غافل، شوقِ لقا میں تیرے
ہو جان ودِل سے حاضر سن کر پیغام تیرا

حجر اسود۔ جنت کا یہ پتھر گنہگاروں کے واسطے ایک تسکین

بعض متعلقاتِ دعا

ارکان (۱) اخلاص (۲) قبولیت کا یقین (۳) دل کی گہرائی سے دعا کرنا۔

شرائط (۱) حرام سے بچنا (۲) گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ مانگنا (۳) محال اور ناممکن امر کی دعا نہ کرنا (۴) قبولیتِ دعا میں جلدی نہ کرنا۔

مستحبات (۱) دعا سے پہلے کوئی نیک کام مثلاً صدقہ کرنا (۲) دعا سے پہلے طہارت حاصل کرنا اور نماز پڑھنا (۳) سائل کی طرح ہاتھ پھیلا کر دعا کرنا (۴) آواز پست کرنا اور ادبِ خداوندی کا لحاظ رکھنا (۵) اول و آخر حمد کرنا اور درود پڑھنا (۶) رغبت وشوق کے ساتھ دعا کرنا (۷) دعا میں گڑگڑانا اور اپنے گناہوں کا اقرار کرنا (۸) منقول دعاؤں کا اختیار کرنا (۹) انبیاءؑ

اوراللہ کے نیک بندوں کے وسیلہ سے دعا کرنا (۱۰) پہلے اپنے لئے پھروالدین اورتمام مؤمنین کیلیے دعا کرنا (۱۱) الفاظِ دعا کا تین بار کہنا (۱۲) دعا مانگنے اور سننے والے کا آمین کہنا (۱۳) اسمائے حسنٰی کے ذریعہ دعا مانگنا (۱۴) فراغت کے بعد دونوں ہاتھ منہ پر پھیرنا۔

مکروہات (۱) بوقتِ دعا آسمان کی جانب نگاہ اٹھانا (۲) بتکلف قافیہ بندی کرنا (۳) بالقصد نغمہ سرائی کرنا (۴) رحمت خداوندی کے مانگنے میں تنگی کرنا مثلاً یوں کہنا میری مغفرت فرما کسی اور کی نہ فرما۔

موقعِ قبولیت (۱) اذان کے بعد (۲) اذان واقامت کے درمیان (۳) جہاد کے دوران (۴) تلاوتِ قرآن کے بعد (۵) آبِ زم زم پیتے وقت (۶) بیت اللہ کو دیکھنے کے وقت

(۷) مرغ کی اذان سن کر (۸) قریب المرگ اور اس کے پاس بیٹھنے والوں کا دعا کرنا نیز میت کی آنکھیں بند کرتے وقت (۹) مسلمانوں کے جائز اجتماعات میں (۱۰) ذکر و درود کی مجلس میں (۱۱) بارش کے وقت (۱۲) فرض نمازوں کے بعد۔

اوقات قبولیت (۱) شب قدر (۲) یوم عرفہ (۳) رمضان المبارک کا مہینہ (۴) شبِ جمعہ (۵) جمعہ کا پورا دن تا کہ ساعت اجابت میسر آجائے، ان متعلقات کی رعایت کرنے سے دعا کی قبولیت کی زیادہ امید ہے۔

تفصیلات ''حصن حصین'' اس کی شرح تحفۃ الذاکرین اور شرح احیاء میں مذکور ہیں۔

مقام ابراہیم ۔ جس نے اللہ کے خلیل کے قدم چوم کر تا قیامت نقش بہ سینہ کر لئے

۱

سرکارِ دو عالم ﷺ کے چہرۂ انور کی زیارت کا درود شریف

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

ترجمہ: رحمت نازل فرمائیں اللہ تعالیٰ حضرت محمد نبی امی ﷺ پر۔

فائدہ: جو مسلمان مرد یا عورت شب جمعہ میں دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۳۵ مرتبہ سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد) پڑھے اور نماز کے بعد ایک ہزار بار مذکورہ بالا درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اگلہ جمعہ آنے سے قبل خواب میں آنحضرت ﷺ کی زیارت سے مشرّف ہوگا اور زیارت کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دیں گے۔

(ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۵۳)

۲

لڑکا یا لڑکی کی شادی میں بندش کا درود ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

ترجمہ : اے اللہ! رحمت نازل فرما، حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی آل پر، بے شک آپ لائق حمد

ہیں، بزرگی والے ہیں۔ اسے اللہ! برکتیں نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جیسا کہ آپ نے برکتیں نازل فرمائیں حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی آل پر، بے شک آپ لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔

فائدہ: اگر کسی لڑکا یا لڑکی کی شادی میں رکاوٹ ہو اور رشتہ نہ ہوتا ہو یا سرے سے رشتہ آتا ہی نہ ہو تو لڑکا یا لڑکی اور اسکی ماں صبح فجر کے بعد اور شام کو مغرب کے بعد پانچ سو دفعہ درود ابراہیمی پڑھ کر دعا کریں تو بہت جلد نیک اور اچھے رشتے کا اللہ تعالیٰ انتظام کر دیتے ہیں اور رکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔

(حوالہ نمبر ۱)

۳ مستقل مزاجی پانے اور ضیاعِ اوقات سے بچنے کیلئے نایاب درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ ○ وَکُلَّمَا سَھٰی عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ ○ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

ترجمہ: "اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جب بھی کبھی آپ ﷺ کا ذکر کریں ذکر کرنے والے، اور جب بھی کبھی آپ ﷺ کو بھول جائیں غفلت

والے اور برکتیں اور سلام نازل فرما۔

فائدہ: جو شخص بعد نماز فجر بطور وظیفہ ایک سو بار یہ درود شریف پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو دینی ودنیاوی کاموں میں یکسوئی اور مستقل مزاجی عطا کردیتے ہیں، نیز اس کی برکت سے اوقات ضائع ہونے سے بچ جاتے ہیں، اور کاموں میں آسانی پیدا ہوجاتی ہے۔

(حوالہ نمبر ۱۲۹)

۴

ادائیگی قرض کے لئے
آزمودہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ أَبَدًا أَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ النَّبِیِّ الْأُمِّیِّ وَآلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا ۝ وَزِدْهُ تَشْرِیْفًا ۝ وَأَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ۝

ترجمہ: یا اللہ! ہمیشہ افضل سے افضل رحمتیں نازل فرمایئے اپنے بندہ خاص اور اپنے نبی مکرم سیدنا محمد نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور خوب

خوب سلام نازل فرمایئے اور آپ ﷺ کے شرف ومنزلت میں اضافہ فرمایئے اور آپ ﷺ کو قیامت کے دن اپنے نزدیک منزل مقرب میں اتاریئے۔

فائدہ: اگرکوئی قرض دار فرصت کے اوقات میں یکسوئی کے ساتھ روزانہ ایک سو ایک مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی کا انتظام کر دیتے ہیں، نہایت مجرّب ہے۔

(حوالہ نمبر ۱۳۶)

مسجد نبوی کا ایک ایمان افروز نظارہ جس میں گنبد خضرا بھی جھانک رہا ہے

۵ آنکھوں کی جملہ تکالیف دور کرنے اور بینائی تیز کرنے کیلئے مجرّب درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ ○ وَالرَّحْمَةِ

لِلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ ○ عَدَدَ مَنْ مَضٰى مِنْ

خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ ○ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ

وَمَنْ شَقِيَ ○ صَلَاةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ

بِالْحَدِّ ○ صَلَاةً لَّا غَايَةَ لَهَا وَلَا انْتِهَاءَ ○

وَلَا أَمَدَ لَهَا وَلَا انْقِضَاءَ ○ صَلَوَاتِكَ

الَّتِیْ صَلَّیْتَ عَلَیْہِ ۝ صَلَاۃً دَائِمَۃً

بِدَوَامِكَ ۝ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ كَذَالِكَ ۝

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِكَ ۝

ترجمہ: ''یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے آقا حضرت محمد ﷺ پر کہ پہلے تھا مخلوق سے ان کا نور، رحمت ہے جہان والوں کیلئے ان کا ظہور، بہ تعداد ان کے جو گزر چکے آپ کی مخلوق میں سے اور جو باقی رہے اور جو نیک بخت ہیں ان میں سے اور جو بد بخت ہیں ایسی رحمت کہ جو ختم کردے گنتی کو اور احاطہ کرلے حد کا ایسی رحمت کہ نہ اس کی غایت ہو اور نہ انتہا نہ حد ہو اور نہ ختم ہونا آپ اپنی رحمتیں آنحضرت ﷺ پر نازل فرمایئے وہ ایسی دائم ہوں کہ آپ کے دوام کے ساتھ ہمیشہ رہیں اور آپ ﷺ کی

آل واصحاب پر بھی اسی طرح ہمیشہ رہیں، اور تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں اس پر"۔

فائدہ: اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد تین بار یہ درود شریف پڑھ کر انگلیوں پر دم کرے اور آنکھوں پر پھیر لیا کرے تو اللہ تعالیٰ آنکھ کی ایسی تکلیف بھی دور کر دیتے ہیں جس سے ڈاکٹر عاجز آ گئے ہوں اور بینائی تیز ہو جاتی ہے، آزمودہ ہے۔

(حوالہ نمبر ۱۴۰)

۶ ہر قسم کے درد اور لاعلاج بیماری (شوگر، کینسر) کے لئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ ۝ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ۝

ترجمہ: ''یااللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر بہ تعداد ہر بیماری اور دوا کے اور برکتیں اور سلام نازل فرما''۔

فائدہ: کسی بھی قسم کے درد اور مرض کے لئے مریض پر یہ درود شریف اس طرح دم کرے کہ اوّل و آخر تین بار یہ درود پڑھے اور درمیان میں سات بار سورہ

فاتحہ مع بسم اللہ اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر اسکا
ثواب حضرت علامہ مخدوم ہاشم سندھیؒ کو بخش
دے اور مریض پر دم کرے تو فوراً شفاء ہو انشاء اللہ
العزیز، نیز اگر مریض لاعلاج قرار دے دیا گیا ہو یا بیماری
سخت ہو، تو یہ درود شریف اوّل و آخر ایک سو بار
پڑھے، شوگر اور کینسر جیسے موذی امراض میں نہایت
اکسیر پایا ہے۔

(حوالہ نمبر ۱۴۴)

۷

قرض سے محفوظ رہنے کے لئے عمدہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

ترجمہ: یااللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور برکت وسلام نازل فرما"۔

فائدہ: جو شخص چاہے کہ کبھی قرض دار نہ ہو یا اگر ہو جائے تو جلد نجات پائے، اس کو چاہیئے کہ بعد نماز ظہر

سومرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ
اس کو قرض سے بچائیں گے اور اگر مقروض ہوا تو
غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام کر دیں گے، اور
آخرت میں کسی نعمت کی ناقدری پر پکڑ نہیں ہوگی
انشاءاللہ العزیز۔

(حوالہ نمبر ۱۴۷)

۸ جن، آسیب اور سانپ بچھو موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے درود شریف

صَلَّى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَبِحَمْدِهٖ
عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ
الْأُمِّيِّ وَآلِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ كَمَا هُوَ أَهْلُهٗ ۝

ترجمہ: ”رحمت نازل فرمائیں اللہ تعالیٰ ہم اس کی تسبیح وتحمید کرتے ہیں حضرت محمد ﷺ پر جو اس کے خاص بندے اور رسول نبی امی ہیں اور آپ ﷺ کی آل پر اور برکت اور سلام نازل فرمائیں جیسا کہ آپ ﷺ کے شایانِ شان ہو“۔

فائدہ: گر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سات دفعہ یہ درود شریف پڑھ کر بدن پر دم کرلیا کرے تو جن، آسیب اور سانپ بچھّو کوئی بھی موذی جانور اس کو تکلیف نہ دے سکے گا، اور نہ کوئی ظالم و سرکش اس پر غلبہ پا سکے گا، نیز کثرت سے اس کا ورد کرنا عجیب حفاظتی حِصار کی طاقت رکھتا ہے۔

(حوالہ نمبر ۱۵۰)

۹

اولاد کی کامیابی اور عزّت کیلئے بہترین درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ
حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ ○ صَلَاۃً اَنْتَ لَھَا
اَھْلٌ ○ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَذٰلِكَ ○

ترجمہ: ''یا اللہ! رحمت نازل فرما جہانوں کے سردار اپنے حبیب حضرت محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر ایسی رحمت جو تیرے شایانِ شان ہو، اور اسی طرح برکت وسلام نازل فرما!

فائدہ: اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب ۷ بار اور دیگر نمازوں کے بعد سات بار یہ درود شریف پابندی سے پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو اور اس کی اولاد کو معاشرے میں باعزت مقام عطا کرے گا اور لوگوں کی نگاہ میں محبوبیت نصیب ہوگی۔

(حوالہ نمبر ۱۵۱)

۱۰

گھر اور سفر میں چور، ڈاکوؤں سے حفاظت کا مجرّب درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ کَمَا أَمَرْتَنَا أَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ ○ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ کَمَا یَنْبَغِیْ أَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ ○ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ ○ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ ○

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ كَمَا تُحِبُّ
وَتَرْضٰى أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ○

ترجمہ: یااللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد النبی ﷺ پر جیسا کہ آپ نے ہمیں حکم فرمایا کہ ہم آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجیں اور رحمت نازل فرما حضرت محمد النبی ﷺ پر بہ تعداد ان لوگوں کے جو آپ ﷺ پر صلوٰۃ نہ بھیجیں"۔

فائدہ: اگر کوئی شخص گھر سے نکلنے سے پہلے یا مسافر سفر میں گیارہ بار یہ درود شریف پڑھ کر اپنے بدن اور مال واسباب

پر دم کرلیا کرے تو ہر طرح کی چوری اور ڈاکے سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھتے ہیں اور ظالم، غاصب اس کی طرف نگاہ بھی نہ اٹھائیگا، نیز رات سونے سے قبل گھر کے چاروں طرف یہ درود شریف دس بار پڑھ کر پھونک دیں تو انشاء اللہ یہ گھر چوری، ڈاکے سے محفوظ رہے گا اور کوئی بدنیت اس کی طرف رخ نہیں کرے گا، آزمودہ ہے۔

(حوالہ نمبر ۱۵۸)

منبرِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک فاخرانہ انداز کہ خطبہ نبوی ﷺ کبھی یہیں سے سنا جاتا تھا

میں فراوانی کا خواہاں ہو تو پابندی سے فرصت کے اوقات میں ۳۱۳ بار یہ درود شریف پڑھ کر دعا کیا کرے انشاء اللہ بہت جلد مالی خوش حالی نصیب ہوگی، اور کاروبار ترقی کرے گا۔

(حوالہ نمبر ۱۵۷)

۱۲ ظالم شوہر کے ظلم سے نجات اور تنگ دستی سے حفاظت کیلئے آزمودہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ ۝ وَجَامِعِ

الْوَرَقِ وَمُنْزِلِہٖ مِنْ سَمَاءِ الْقُرْآنِ ۝ وَعَلٰی آلِ

مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ ۝

ترجمہ: ''اے اللہ! رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر جو صحیح اور غلط کے درمیان فرق کرنے والے اور برحق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والے ہیں، اوراق مصحف کے جمع کرنے والے اور

اس کو قرآن کے آسمان سے اتارنے والے ہیں اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ کی آل پر بھی اور سلام نازل فرما"۔

فائدہ: اگر شوہر مار پیٹ اور ظلم و ستم کرتا ہو یا کوئی تنگ دستی اور محتاجی کا شکار ہو تو وہ یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نمازِ مغرب یا عشاء ۱۷ بار پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ شوہر کو بیوی پر مہربان کر دے گا اور محتاج تنگ دستی سے محفوظ رہے گا۔

(حوالہ نمبر ۱۷۹)

۱۳

مقبولیت عامہ اور تسخیر قلوب کے لئے مجرّب درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

صَلَاۃً مَّقْرُوْنَۃً بِذِکْرِہٖ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَاۃً جَامِعَۃً بَیْنَ فَرَحِہٖ

وَسُرُوْرِہٖ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

صَلَاۃً مُّحِیْطَۃً بِطَوْرِہٖ وَصَوْرِہٖ ○ اَللّٰھُمَّ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَاۃً مُّنَوِّرَۃً لِقُلُوْبِ

أَصْحَابِ صُدُوْرِہٖ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

مُحَمَّدٍ صَلَاةً شَارِحَةً لِّمَنْقُوحِهٖ فِيْ مَسْطُوْرِهٖ ○ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ إِخْوَانِهٖ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ وَالْأَوْلِيَاءِ بِعَدَدِ عُبُوْرِهٖ وَمُرُوْرِهٖ بَيْنَ الْمَاءِ وَطَهُوْرِهٖ ○ وَالنُّوْرِ وَظُهُوْرِهٖ ○ وَالْحَقِّ وَأُمُوْرِهٖ ○

ترجمہ: ''یا اللہ! درود بھیج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود شریف کہ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے ساتھ مقرون ہو یا اللہ! درود شریف بھیج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود شریف جو جامع ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی اور سرور کو یا اللہ! درود نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا در..

شریف جو احاطہ کرے آپ ﷺ کے تمام حالات واطوار کا
یا اللہ! درود نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ایسا درود شریف جو منور
کردے سننے والوں کے دلوں کو، یا اللہ! درود نازل فرما حضرت محمد ﷺ
پر ایسا درود شریف جو شارح ہو آپ ﷺ کے باطنی کمالات کا
آپ ﷺ کے چہرہ انور کی تحریر میں اور رحمت نازل فرما آپ ﷺ
کے عبور کے تمام بھائیوں پر یعنی انبیاء واولیاء پر بہ تعداد آپ ﷺ
کے عبور کرنے اور گزرنے والے کے درمیان پانی کے اور اس کی
طہارت کے اور درمیان نور کے اور اس کے ظہور کے اور درمیان
حق کے اور اس کے امور کے"۔

فائدہ : اس درود میں عجیب تسخیر ہے، گر کوئی ہر نماز کے بعد
تین بار اس درود شریف کے پڑھنے کا معمول رکھے تو اللہ تعالیٰ

اسکولوگوں میں عجیب مقبولیت اور اہل اقتدار کی نگاہ میں محبوبیت عطا کردیتے ہیں، نیز اگر کوئی گیارہ بار اس درود کو عطر گلاب پر دم کرکے چہرے پر مل کر حاکم وقت یا مطلوبہ شخص سے ملاقات کرے تو وہ بلاحیل وحجت اسکا کام کردے گا، انٹرویو میں کامیابی کے لئے نہایت مؤثر ہے۔

(حوالہ نمبر ۱۸۱)

ریاض الجنۃ کا ایک امید افزا نظارہ کہ دنیا میں بھی جنت دیکھ لو

۱۴

بے گناہ کی رہائی اور ناحق مقدمے سے نجات کے لئے نایاب درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلَوَاتِکَ شَیْءٌ ○ وَبَارِكْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِكَ شَیْءٌ ○ وَارْحَمِ النَّبِیَّ مُحَمَّدًا حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ رَّحْمَتِكَ شَیْءٌ ○ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ سَلَامِكَ شَیْءٌ ○

ترجمہ: ''یا اللہ! حضرت نبی محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما یہاں تک کہ آپ کی صلوات میں سے کچھ باقی نہ رہے اور حضرت نبی محمد ﷺ پر برکتیں نازل فرما یہاں تک کہ آپ کی برکتوں میں سے کچھ باقی نہ رہے، اور حضرت نبی محمد ﷺ پر رحمت فرما۔ یہاں تک کہ آپ کی رحمت میں سے کچھ باقی نہ رہے، اور سلام بھیج حضرت محمد ﷺ پر یہاں تک کہ آپ کے سلام میں سے کچھ باقی نہ رہے''۔

فائدہ: بے گناہ قیدی اور ناحق مقدمے میں مبتلا شخص روزانہ بعد نماز فجر ۳۱۳ دفعہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی باعزت رہائی کا انتظام کر دیں گے، اور مقدمے میں حیرت انگیز طور پر کامیابی ہوگی، انتہائی آزمودہ ہے۔ (حوالہ نمبر ۱۶۴/۱۶۴-أ)

۱۵ دل کی گھبراہٹ اور بلڈ پریشر کے لئے بابرکت درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلَاۃً تُحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَ تُفَکُّ بِھَا الْکُرَبُ ○

ترجمہ: ''اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جو نبی امی اور طاہر زکی ہیں، ایسی رحمت کہ اس کی برکت سے عقدے حل ہو جائیں، اور پریشانیاں دور ہو جائیں''

فائدہ: جس شخص کا دل خواہ مخواہ گھبرانے لگے اور انجانا خوف

طاری ہویا بلڈ پریشر کا مریض ہوتو یہ درود شریف روزانہ بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب ۳۱۳ بار پڑھ کر سینے پر پھونک لے اور آدھ کپ پانی پر دم کر کے پی لیا کرے تو انشاء اللہ بہت جلد افاقہ ہوگا اور طمانیتِ قلب نصیب ہوگی، امراضِ قلب میں نہایت اکسیر ہے۔

(حوالہ نمابر ۹۸)

١٦ باغات کے پھل اور فصلوں کے اناج کو سنڈی کیڑا وغیرہ زرعی بیماریوں سے بچانے کا عمدہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
أَوْرَاقِ الْأَشْجَارِ ○ وَبِعَدَدِ أَقْطَارِ الْأَمْطَارِ ○
وَبِعَدَدِ دَوَابِّ الْبَرَارِیْ وَالْبِحَارِ ○ وَعَلٰی
اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ○

ترجمہ: "اے اللہ! صلوٰۃ وسلام نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر
درختوں کے پتوں کی تعداد میں اور بارش کے قطروں کی تعداد میں

اور خشکی اور دریا کے حیوانات کی تعداد میں اور آپ ﷺ کی آل و اصحاب پر بھی"۔

فائدہ: اگر کاشت کرنے سے پہلے ۱۴۱۴ بار یہ درود شریف پانی پر دم کرکے کھیت پر چھڑک دیا جائے تو فصل زرعی بیماریوں سے انشاء اللہ محفوظ رہے گی نیز ہر نماز کے بعد کاشتکار اس درود شریف کو ۲۱ بار پڑھ کر دعا کرتا رہے تو فصل میں خوب برکت اور ترقی ہوگی۔

(حوالہ نمبر ۱۲۱)

۱۷ بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات اور ناگہانی حادثہ سے حفاظت کا نایاب درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ وَکَرِّمْ

عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَشَفِیْعِ الْاُمَّۃِ

الَّذِیْ اَرْسَلْتَہٗ رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ ○ وَعَلٰی

اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ

الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ ○ وَعَلٰی اَزْوَاجِہٖ الطَّاھِرَاتِ

اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ ○ اَفْضَلَ صَلَاۃٍ وَّاَزْکٰی سَلَامٍ

وَأَنْمٰى بَرَكَةٍ عَدَدَ مَا فِىْ عِلْمِكَ ○ وَزِنَةَ مَا فِىْ
عِلْمِكَ ○ وَمِلْءَ مَا فِىْ عِلْمِكَ ○ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ
وَمَبْلَغَ رِضَاكَ ○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ
كَذَالِكَ كُلِّهٖ اَفْضَلَ صَلَاةٍ وَّأَزْكٰى سَلَامٍ
وَّأَنْمٰى بَرَكَاتٍ عَلٰى جَمِيْعِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○
وَعَلٰى آلِهٖ وَأَزْوَاجِهٖ وَأَصْحَابِ كُلٍّ مِّنْهُمْ
وَالتَّابِعِيْنَ ○ وَعَلٰى كُلِّ وَلِيِّ اللّٰهِ فِى الْعَالَمِيْنَ ○
وَسَائِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ ○
عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ ○ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ ○ وَ

اَرْحَمْنَا اِلٰهَنَا بِحُرْمَتِهِمْ اَجْمَعِيْنَ ○

وَاشْفِنَا وَعَافِنَا مِنْ كُلِّ آفَةٍ وَّعَاهَةٍ ○

وَاعْفُ عَنَّا ○ وَعَامِلْنَا بِلُطْفِكَ الْجَمِيْلِ ○

وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ○

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

ترجمہ: "اے اللہ! صلوٰۃ وسلام اور برکتیں اور کرامتیں نازل فرما ہمارے آقا اور ہمارے نبی مکرم حضرت محمد ﷺ پر جو آپ کے بندے اور رسول نبی امی ہیں نبی رحمت ہیں شفیع امت ہیں جن کو آپ نے رحمت للعالمین بنا کر بھیجا اور آپ ﷺ کی آل واصحاب اولاد وذریت اور آپ ﷺ کے اہل بیت طیبین وطاہرین پر اور آپ ﷺ

کی ازواجِ مطہرات امہات المومنین پر نازل فرما آپ ﷺ پر سب سے افضل رحمت سب پاکیزہ تر سلام اور سب سے بڑی برکت تعداد میں ان چیزوں کے جو آپ کے علم میں ہیں، وزن میں ان چیزوں کے جو علم میں ہیں اور ان چیزوں کی بھرتی کے مطابق جو آپ کے علم میں ہیں، آپ کے کلمات کی روشنائی اور آپ کی رضا کے منتہا کے مطابق اسی طرح صلوٰۃ وسلام اور برکتیں اور کرامتیں نازل فرما، افضل صلوٰۃ پاکیزہ تر سلام اور سب سے بڑی برکتیں تمام انبیاء و مرسلین پر اور ہر ایک کی آل وازواج اور اصحاب واتباع پر اور تمام اولیاء اللہ پر جہانوں میں اور تمام اہل ایمان پر خواہ اولین میں سے ہوں یا آخرین میں تعداد میں ان تمام چیزوں کے جو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں اور وزن میں ان تمام چیزوں کے جو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں، اور ہم پر رحمت نازل فرما! یاالٰہی! ان سب حضرات کی برکت

سے اور ہمیں شفاء اور عافیت عطا فرما ہر آفت اور مصیبت سے ہمیں معاف فرما اور ہمارے ساتھ اپنے لطف جمیل کے مطابق معاملہ فرما اور ہمارے گناہوں کی نحوست سے ایسے لوگوں کو ہم پر مسلط نہ فرما جو ہم پر رحم نہ کریں اے ارحم الراحمین اپنی رحمت سے ان دعاؤں کو قبول فرما"۔

فائدہ: اگر کوئی شخص کسی ایسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے جس سے خلاصی کی راہ دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب ۲۱ بار پڑھ کر دعا کرلے تو اللہ تعالیٰ غیب سے محض اپنے لطف وکرم کے ساتھ خلاصی عطا فرما دیتے ہیں، نیز اگر کوئی اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد پابندی سے کم از کم ایک بار پڑھ لیا کرے تو اچانک حادثات اور ناگہانی آفات سے محفوظ رہتا ہے۔ (حوالہ نمبر ۱۲۶)

۱۸ ہر قسم کی مشکل اور حاجت برآری کے لئے عمدہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَمُسْتَحِقُّہٗ ○

ترجمہ: ”اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے اہل اور اس کے مستحق ہیں“

فائدہ: اگر کسی کو کوئی دشوار کام پیش آجائے اور کسی بھی طرح ہوتا دکھائی نہ دے یا کوئی جائز حاجت پوری نہ ہورہی ہو تو اس کو چاہئیے کہ لوگوں کے سونے کے بعد

تازہ وضوکر کے پاک جگہ قبلہ رخ بیٹھ جائے اور یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھے، اس کے بعد ہزار مرتبہ کلمہ طیّبہ مع بسم اللہ شریف پڑھ کر نہایت گڑگڑا کر مطلوبہ کام کیلئے دعا کرے انشاء اللہ العزیز بہت جلد کام ہوجائے گا مجرّب المجرّب ہے۔

(حوالہ نمبر ۱۳۰)

۱۹

بحری سفر میں حفاظت اور دینی و دنیاوی مہمّات میں کامیابی کا اکسیر اعظم درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

صَلَاۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْأَھْوَالِ وَالْآفَاتِ ○ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ ○ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّأٰتِ ○ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ أَعْلَی الدَّرَجَاتِ ○ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا أَقْصَی الْغَایَاتِ ○

مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ۝ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

ترجمہ: "اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ایسی رحمت کہ آپ اس کی برکت سے ہمیں تمام ہولناکیوں اور آفتوں سے نجات عطا فرمائیں اور اس کی برکت سے آپ ہماری تمام حاجتیں پوری فرمادیں، اور اس کی برکت سے آپ ہمیں تمام برائیوں اور گناہوں سے پاک کردیں، اور اس کی برکت سے آپ ہمیں اپنے پاس اعلیٰ درجات میں بلند کردیں، اور اس کی برکت سے آپ ہمیں تمام بھلائیوں کی آخری حدود تک پہنچادیں، دنیا کی زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی۔ بے شک آپ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں"

فائدہ: یہ درودشریف بحری سفر کی جملہ آفات سے خلاصی کا عجیب آزمودہ درود ہے، نیز کسی بھی دینی یادنیاوی اہم کام میں بھرپور کامیابی کے لئے ایک ہزار مرتبہ پڑھنا اکسیراعظم کادرجہ رکھتا ہے اور ہر طرح کے فکر وغم اور پریشانی کودور کرتا ہے، بزرگوں کا نہایت آزمودہ ہے اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء دو رکعات نفل، نماز حاجت کی نیت سے پڑھے، ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کرے انشاء اللہ بہت جلد

حاجت پوری ہوگی اور انہونا کام اللہ تعالیٰ غیب سے کر دیں گے، نیز اس درود شریف کے پڑھنے والا ہرگز کبھی بد بخت شمار نہ ہوگا۔

(حوالہ نمبر ۱۴۱)

۲۰

میاں بیوی میں مثالی الفت و محبت پیدا کرنے کیلئے عجیب پاکیزہ درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

مُّعَطِّرِ الرُّوحِ ۝ وَآلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ۝

صَلَاةً تُعَطِّرُنَا بِهَا وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝

ترجمہ: ''یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جو روح کو معطر کرنے والے ہیں، اور آپ ﷺ کی آل پاک پر ایسی رحمت کہ آپ ﷺ اس کے ذریعہ ہمیں معطر کردیں، اور برکت اور سلام نازل فرما''۔

فائدہ: میاں بیوی میں بے مثال الفت ومحبت وپیدا کرنا مطلوب ہو یا دونوں میں سے کوئی ایک ناراض ہو اور اس کو راضی کرنا مقصود ہو تو پھولوں پر یا مشک وعنبر کی خوشبو پر یا جو بھی خوشبو میسر آجائے اس پر یہ درود شریف ۴۵۰ بار دم کر کے دونوں میاں بیوی سونگھیں انشاء اللہ ایک دوسرے کو خوب چاہنے لگیں گے آزمودہ ہے مدتِ عمل اکتالیس دن ہے، نیز اگر مطلوبہ شخص دور ہو تو چینی پر دم کر کے چیونٹیوں کو ڈال دیا کریں انشاء اللہ زوجین کے قلوب ایک دوسرے کی طرف مائل ہونے لگیں گے۔

حوالہ نمبر (۱۴۵)

۲۱

ذاتی گھر کے حصول کے لئے
آزمودہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ
النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَآلِهٖ وَسَلِّمْ ○

ترجمہ: "یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ نبی امی پر، اور آپ ﷺ کی آل پر، اور سلام نازل فرما"۔

فائدہ: جو شخص اپنا ذاتی گھر چاہتا ہو وہ یہ درود شریف جمعہ کے دن بعد نماز عصر ہزار بار پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ محض اپنے لطف وکرم سے اسکے ذاتی گھر کا انتظام

کردیتے ہیں اور رہائش کے حوالے سے انشاء اللہ وہ کبھی پریشان نہ ہوگا نیز اس کے علاوہ بے شمار روحانی فوائد اس درود شریف میں پنہاں ہیں چنانچہ ہر نماز کے بعد ۲۱ بار اس کا ورد رکھیں تو انعاماتِ ربّانی کا مورد ہوگا۔

(حوالہ نمبر ۱۴۸)

۲۲

ہر امتحان میں کامیابی کیلئے مجرّب درود شریف

رَبِّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّیْ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ أَجَلَّھَا ۝ وَاقْضِ لِیْ بِجَاھِہٖ حَوَائِجِیْ کُلَّھَا ۝ وَصَلِّ عَلَیْہِ کَمَا أَنْتَ أَھْلُھَا ۝ وَسَلِّمْ وَشَرِّفْ وَکَرِّمْ دَائِمًا ۝

ترجمہ: ”یا اللہ! رحمت نازل فرما میرے نبی حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، سب سے جلیل القدر رحمت، اور پوری فرما آپ ﷺ کے طفیل میری تمام حاجتیں اور رحمت نازل فرما آنحضرت ﷺ پر جیسا کہ آپ کے شایانِ شان ہو اور سلام بھیج اور

شرف وکرامت عطا فرما ہمیشہ"

فائدہ: کسی بھی قسم کے امتحان میں کامیابی کیلئے اس درود شریف کو عجیب تاثیر حاصل ہے، اگر طالب علم ہر نماز کے بعد گیارہ بار پڑھ کر امتحان میں کامیابی کی دعا کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ نمایاں کامیابی عطا کر دیتے ہیں، خصوصاً زبانی امتحان سے قبل گیارہ بار سینے پر دم کرنے سے جوابات آسان ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی گھبراہٹ نہیں ہوتی۔

(حوالہ نمبر ۱۵۲)

روضہ اقدس کی جالیاں اپنے پیچھے ایک شافعِ محشرؐ کی خبر دے رہی ہیں

۲۳

بے روزگاری سے نجات
اور حلال روزگار کے حصول کے
لئے عجیب سریع الاثر درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ مُحَمَّدٍ ○ وَھَبْ لَنَا اللّٰھُمَّ مِنْ رِزْقِكَ
الْحَلَالِ الطَّیِّبِ الْمُبَارَكِ مَا تَصُوْنُ بِهٖ وُجُوْھَنَا
عَنِ التَّعَرُّضِ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ ○ وَاجْعَلْ لَنَا
اَللّٰھُمَّ اِلَیْهِ طَرِیْقًا سَھْلًا مِّنْ غَیْرِ تَعَبٍ وَّلَا
نَصَبٍ وَّلَا مِنَّةٍ وَّلَا تَبِعَةٍ ○ وَجَنِّبْنَا اللّٰھُمَّ
الْحَرَامَ حَیْثُ کَانَ وَاَیْنَ کَانَ وَعِنْدَ مَنْ کَانَ

وَحُلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ أَهْلِهِ ○ وَاقْبِضْ عَنَّا اَيْدِيَهُمْ وَاصْرِفْ عَنَّا قُلُوبَهُمْ ○ حَتّٰى لَا نَنْقَلِبَ اِلَّا فِيْمَا يُرْضِيْكَ وَلَا نَسْتَعِيْنَ بِنِعْمَتِكَ اِلَّا عَلٰى مَا تُحِبُّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

ترجمہ: ''اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر اور عطا کر ہم کو اے اللہ! اپنے رزق حلال، طیب اور مبارک سے اس قدر کہ آپ بچالیں اس کے ذریعہ ہمارے چہروں کو آپ کی مخلوق میں سے کسی کے سامنے اپنی حاجت پیش کرنے سے اور نکال دے ہمارے لئے اے اللہ! راستہ آسان بغیر مشقت اور تھکان اور بغیر احسان مندی اور تاوان کے اور بچا ہم کو اے اللہ! حرام سے خواہ جہاں کہیں بھی ہو اور جس کے پاس بھی ہو اور آڑ

بنادے ہمارے درمیان اور حرام والوں کے درمیان اور بند کردے
ہم سے ان کے ہاتھوں کو اور پھیر دے ہم سے ان کے دلوں
کو یہاں تک کہ نہ ہو ہماری نقل و حرکت مگر اس چیز میں جو آپ کو
راضی کرے اور ہم مدد نہ لیں آپ کی نعمت کے ساتھ مگر اسی چیز پر
جو آپ کو محبوب ہو اے ارحم الراحمین اپنی رحمت سے ایسا ہی کر"

فائدہ: اگر کوئی شخص فکر و فاقہ اور بے روزگاری کا شکار ہو
اور کسی طرح بھی اس سے خلاصی دکھائی نہ دیتی ہو تو ہر نماز
کے بعد سات بار اور مغرب کے بعد اے بار یہ درود شریف
پڑھ کر خوب آہ و زاری سے دعا کرے تو بہت جلد حلال روزگار
نصیب ہوگا اور رزق کی فراوانی ہو جائے گی انتہائی آزمودہ ہے۔

(حوالہ نمبر ٦٢)

۲۴

من پسند رشتہ کے حصول کے لئے درود شریف

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزِّ وَالْکِبْرِیَاءِ

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتِمِ الْاَنْبِیَاءِ ○

ترجمہ : ''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے، جو عزت و کبریائی کا مالک ہے، اور اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے حضرت محمد خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر۔''

فائدہ: جو شخص چاہے کہ اسکو من پسند رشتہ میسّر آئے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے باکمال ہو تو اسے چاہیئے کہ

عشاء کے بعد یا تہجّد کے وقت گیارہ سو گیارہ دفعہ یہ درود شریف پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا گو ہو تو حق تعالیٰ شانہ اس کی جائز دلی مراد پوری کردیں گے اور اس رشتے سے باہم الفت و محبت نصیب ہوگی۔ مدت عمل اکیانوے دن ہے۔

(حوالہ نمبر ۸۷)

۲۵ جنتی پرندے کی دعائے مغفرت کا عجیب نسخہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ○

وَصَلَّ اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ ○

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہر حال میں، اور اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت پر''

فائدہ: اگر کوئی شخص چھینک آنے پر مذکورہ بالا دعا اور درود شریف پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ ایک پرندے کو پیدا فرمائیں گے اور وہ عرش الٰہی کے نیچے اپنے پروں کو حرکت دے گا اور دعا کرے گا یا اللہ! ان الفاظ کے کہنے والے کی مغفرت فرما دیجئے!

(حوالہ نمبر ۵۱)

مسجد نبویؐ کے پُر وقار مینار اور عاشقانِ مصطفےؐ کی بے قراریاں

مختصر تعارف مؤلف

نام: مولانا مفتی منیر احمد اخون

ولدیت: حضرت مولانا مفتی نیاز محمد ختنی ثم بہاولنگری بانی وشیخ الحدیث مدرسہ جامع العلوم عیدگاہ بہاولنگر (پنجاب) پاکستان۔

ولادت: ۱۹۶۸ء بہاولنگر ڈویژن بہاولپور۔

تعلیم: ☆ فاضل درس نظامی جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوریؒ ٹاؤن کراچی۔

☆ ترجمہ تفسیر القرآن الکریم امام اہل سنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم گوجرانوالہ

☆ تخصص فی الفقہ الاسلامی جامعۃ العلوم اسلامیہ علامہ بنوریؒ ٹاؤن کراچی حضرت مولانا مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ۔

☆ تحقیقی کورس جدید معیشت واقتصاد اور اسلام شیخ الاسلام جسٹس مفتی محمد تقی عثمانی دامت برکاتہم

تدریس سابقاً: ☆ جامعہ اشرفیہ نارتھ ناظم آباد کراچی ☆ جامعہ بنوریہ سائٹ ایریا کراچی۔

☆ استاذ الحدیث جامعۃ الصالحات عزیز آباد کراچی۔

☆ مشرف تخصص فی الفقہ الاسلامی عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پرانی نمائش کراچی۔ وجامعہ دار العلوم زکریا الخیر یادستگیر ۱۴ کراچی۔

تصانیف: ○ آپکی پریشانیاں اور درود شریف میں ان کا حل (اردو/ انگریزی)

○ فتاویٰ یوسفیہ ○ تحفہ درود ودعا ○ حج وعمرہ کیسے کریں؟

○ تعویذ گنڈے کی شرعی حیثیت ○ صحیح اور غلط عقیدے

○ معمولات یومیہ ○ رسول اکرم ﷺ کا طریقہ نماز (اردو/ انگریزی)

بشکل رسائل: سنت توڑنا کسے کہتے ہیں ○ انسان کا اصلی کمال ○ امت کی پستی کا سبب ○

زیرِ قلم: تفسیر منیر ٥ التعلیق الانور علی آثار السنن (عربی) ٥ آپ کے خواب اور ان کی تعبیر ٥

صحافت: ☆ ایڈیٹر انچیف ماہنامہ نیاز کراچی

☆ کالم نگار اخبار جہاں "آپ کے خواب اور ان کی تعبیر"

☆ کالم نگار اردو ٹائمز نیویارک

"آپ کے مسائل اور ان کا شرعی و روحانی حل"

خطابت سابقاً: ☆ جامع مسجد طیبہ بلاک D نارتھ ناظم آباد کراچی۔

☆ جامع مسجد نور بلاک F نارتھ ناظم آباد کراچی۔

☆ مدینہ مسجد بلاک 10 فیڈرل بی ایریا کراچی۔

ذمہ داریاں: ☆ ڈائریکٹر مذہبی امور WMC ماؤنٹ ورنن نیویارک

☆ چیئر مین المنیر (ٹرسٹ) کراچی۔

☆ رئیس الجامعہ دار العلوم زکریا الخیریہ دستگیر ۱۴ کراچی۔

☆ چیئر مین المنیر فاؤنڈیشن نیویارک (امریکہ)

☆ امام و خطیب اخون جامع مسجد نیویارک

☆ مہتمم دار العلوم زکریا نیویارک

☆ رئیس دار الافتاء ختم نبوت نیویارک

فرزند نسبتی: فقیہ العصر شہید اعظم حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہ

بیعت و خلافت: شہید اعظم حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہ

اصلاح و ارشاد: بمقام خانقاہ یوسفیہ چشتیہ اختریہ دستگیر نمبر ۱۵ کراچی۔

بمقام خانقاہ یوسفیہ چشتیہ اختریہ نیویارک (امریکہ)

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب: آپ کی پریشانیاں اور درود شریف میں ان کا حل

مئولف: مولانا مفتی منیر احمد اخون

طبع جدید پنجم: رجب ۱۴۳۶ھ اپریل ۲۰۱۵

تعداد اشاعت: ۱۰۰۰۰ ہزار

ناظم ادارہ: صوفی محمد سلیم موبائل: 0300-9222583

ملنے کا پتہ: (۱) **اخون پبلیکیشنز**

R63-64 بلاک 15 دستگیر فیڈرل بی ایریا کراچی

فون نمبر 36314615 - 021-36312381

طباعت: (۲) بلال انٹرپرائزز جامع مسجد ناظم آباد نمبر ۲، 021-36688922

صدقہ جاریہ

فی سبیل اللہ دوست احباب میں تقسیم کرنے اور مرحومین کے ایصالِ ثواب کیلئے خصوصی رعایت کے ساتھ مندرجہ بالا پتہ پر رجوع فرمائیں

شب وروز کی پریشانیوں اور دنیاوی مصائب وآلام
سے نجات اور حفاظت کیلئے ایک بیش قیمت تحفہ
اس کتاب میں مناجاتِ مقبول کی ہر دن کے منزل کے اوّل وآخر میں
درود شریف ایک خاص ترتیب سے ترجمہ کے ساتھ نقل کر دیئے گئے ہیں۔
جس کے روزانہ ورد کرنے سے تعلق مع اللہ میں اضافہ اور پریشانیاں دور ہوتی ہیں
تحفۂ
درود دعا
پریشانیوں سے نجات اور خیر وخوشحالی کیلئے!
حضرت مولانا مفتی منیر احمد اخون دامت برکاتہم
......خلیفہ مجاز......
شہیدِ اعظم حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہٗ
اخوند پبلیکیشنز